4815CH03

# سندباد جہازی کا دوسرا سفر

## الف لیلہ

دنیا کے مختلف علاقوں میں داستانیں سننے سنانے کی روایت عام رہی ہے۔ ہندستان میں ’’کتھا سرت ساگر‘‘ پرانے قصوں کا معروف مجموعہ ہے۔ عرب دنیا میں الف لیلہ کا مرتبہ بہت بلند ہے۔ عربی میں یہ داستان الف لیلہ ولیلتے کے نام سے جانی جاتی ہے۔ اس کا مطلب ہے ’’ایک ہزار اور ایک راتیں‘‘۔ الف لیلہ ایک قصہ در قصہ داستان کا نام ہے جسے شہرزاد نامی ایک خاتون سے منسوب کیا جاتا ہے۔ روایت یہ ہے کہ شہرزاد کو قصّے کے طول دینے میں زبردست ملکہ حاصل تھا اور ہر رات وہ اپنے قصّے پر ایک ایسے موڑ پر لے جا کر چھوڑتی تھی جہاں سننے والے کا تجسّس بڑھ جاتا تھا۔ اگلی رات قصہ پھر آگے بڑھتا تھا اور پھر اس میں ایک نیا موڑ آ جاتا تھا۔ اسی کے ساتھ ساتھ شہرزاد کے بارے میں یہ بھی کہا جاتا ہے کہ بادشاہ کی طرف سے اس کے زندہ رہنے کی شرط یہی تھی کہ داستان ختم نہ ہو۔ اس امتحان میں شہرزاد کھری اتری۔ اسی لیے دنیا بھر کے بیانیہ ادب میں شہرزاد کا نام اب بجائے خود ایک لیجنڈ بن چکا ہے۔ مغرب و مشرق کی تقریباً تمام اہم زبانوں میں الف لیلہ کا ترجمہ کیا جا چکا ہے۔ یہ داستان بچوں کی سب سے پسندیدہ کتابوں میں ہے۔

پہلے سفر کے بعد میں نے پکّا ارادہ کر لیا تھا کہ اب کبھی سفر کا نام نہ لوں گا اور آرام سے بغداد میں زندگی گزاروں گا۔ کچھ مہینے اسی طرح گزر گئے۔ پھر میں آرام کی زندگی سے اُکتا گیا۔ میرا دِل مجھ سے بار بار کہتا کہ ’’سفر کرو، سفر میں فائدے ہی فائدے ہیں۔ نئے نئے شہر دیکھنے کا موقع ملتا ہے۔ اگر کسی شہر میں کوئی نایاب چیز مل گئی تو آدمی اسے دوسرے شہر میں بیچ کر لاکھوں کما سکتا ہے۔‘‘ آخر میں نے سفر کا ارادہ کر ہی لیا اور ایک دن شہر سے اچھّی اچھّی چیزیں خرید کر جہاز پر سوار ہو گیا۔ میرے ساتھ دوسرے سوداگر بھی تھے۔

© NCERT not to be republished

